ہم تجویز دیں گے کہ تمام خواتین زچہ بچہ نوٹس پورٹل پر سائن اپ ہوں اور لاگ ان کریں یا تو زچہ بچہ ایپ کے ذریعے جو کہ Play پر دستیاب ہے (آپ ایپ کی تلاش کے لئے ذیل میں دیا گیا QR کوڈ استعمال کر سکتے ہیں) یا **https://www.pregnotes.net/** پر آن لائن۔ اس سے آپ کو اپنے زچہ بچہ نوٹس کی ایک نقل (آپ کے کسی اور اسپتال جانے کی صورت میں کارآمد ہے) اور حمل، ولادت اور بعد از ولادتی مسائل اور سوالات پر کئی معتبر ذرائع تک رسائی مہیا ہو پائے گی۔ اگر آپ نے پہلے سے یہ نہ کیا ہوا تو ہم آپ کو پُش اطلاعات کو آن کرنے کی ترغیب بھی دیں گے چونکہ یہ ہمیں ضرورت پڑنے پر اہم اپ ڈیٹس بھیجنے کا مجاز کرے گا۔ اگر آپ رسائی نہیں رکھتیں یا مسائل کا سامنا کر رہی ہیں تو براہ کرم **swbh.maternitynotes@nhs.net** پر اپنی تفصیلات کے ہمراہ ای میل کریں۔

حکومت کی جانب سے تازہ ترین تجویز کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں **https://www.gov.uk/coronavirus**

حمل اور ولادت کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لئے براہ کرم **https://www.rcog.org.uk/en/guidelines-research-services/guidelines/coronavirus-pregnancy/covid-19-virus-infection-and-pregnancy/.** پر جائیں۔ جیسے جیسے معلومات اپ ڈیٹ ہوتی ہے آپ باقاعدگی سے اس کی پڑتال کرتے رہنے کو یقینی بنائیں۔

Health & care information you can trust
The Information Standard Certified Member

یونیورسٹی آف برمنگھم کا ایک تدریسی ٹرسٹ تشکیل شدہ شہر، سینڈویل اور Rowley Regis اسپتال

© سینڈویل اینڈ ویسٹ برمنگھم ہاسپٹلز NHS ٹرسٹ

ML6161
تاریخ اجراء: مئی 2020
تاریخ نظر ثانی: مئی 2023

NHS
Sandwell and West Birmingham
NHS Trust

# کرونا وائرس (COVID 19) اور آپ کا حمل

ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ آپ اور آپ کا بچہ کرونا وائرس کی وباء کے دوران ٹھیک رہیں اور ہم محفوظ اور ذاتی زچہ بچہ نگہداشت فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ کے پاس وہ تمام معلومات موجود ہوں جو آپ کو اپنی زچہ بچہ نگہداشت سے متعلق دانشمندانہ فیصلے کرنے میں مدد کی خاطر درکار ہوں۔

## کرونا وائرس پر عمومی معلومات

کرونا وائرس (COVID-19) ایک نئی بیماری ہے جو پھیپھڑوں اور ہوا کی آمد و رفت کے راستوں کو متاثر کرتی ہے۔ یہ کھانسنے اور چھینکنے اور آلودہ سطحوں کو چھونے اور پھر اپنے منہ، ناک یا آنکھوں میں منتقل کرنے کے ذریعے سے پھیلتی ہے -اسی سبب یہ تاکید کی جاتی ہے کہ آپ اپنے ہاتھ باقاعدگی سے 20 سیکنڈز تک دھوئیں، کھانستے وقت ٹشو استعمال کریں (اور اسے ضائع کر کے اپنے ہاتھ دھو لیں) اور اپنے چہرے کو ہاتھ لگانے سے گریز کریں۔

### سماجی فاصلہ بندی

یہ بھی تاکید کی جاتی ہے کہ آپ سماجی فاصلہ بندی کی ہدایات پر عمل پیرا ہوں – اس کا مطلب صرف ان لوگوں کے ساتھ گھر پر رہنا ہے جو آپ کے گھرانے کا حصہ ہوں اور صرف درج ذیل کاموں کی خاطر باہر جانا:

- حتی الامکان طور پر شاذ و نادر اشیائے ضروریہ مثال کے طور پر خوراک یا ادویات کی خریداری کے لئے
- دن میں ایک قسم کی ورزش کے لئے چاہے اکیلے میں یا اپنے گھرانے کے ممبران کے ہمراہ
- کسی طبی ضرورت کے لئے - جس میں قبل از پیدائش مقررہ ملاقاتوں کے لئے یا زچہ بچہ اضافی معاونتی شعبے میں آنا مثلاً اگر بچے کی حرکات و سکنات میں کمی آ گئی ہو
- کام کے مقاصد کے تحت سفر کرنا تاہم صرف اس صورت میں کہ جب آپ گھر سے کام نہ کر سکیں
- دیگر افراد سے ہمہ وقت 2 میٹرز کا فاصلہ قائم رکھنے کی کوشش کریں۔

### علامات اور کیا کیا جائے

گھر سے باہر مت نکلیں اگر آپ کو یا تو:

- تیز بخار ہو (آپ کو اپنی چھاتی یا کمر کو چھونے پر تپش محسوس ہو)
- ایک نئی مسلسل کھانسی ہو - ایک گھنٹے سے زائد وقت تک بہت زیادہ 24 گھنٹوں کے اندر 2 یا تین یا زائد کھانسی کے دورے۔



### گھر پر معائنے

وہ کسی قدر محدود گھریلو ملاقاتیں سرانجام دے رہے ہیں اور ایسا کرنے کی صورت میں حفاظتی ساز و سامان استعمال کریں گے۔ اگر آپ کی مڈوائف آپ کے گھر آ رہی ہے تو براہ کرم یقینی بنائیں کہ وہ آپ کا اور بچے کا آپ کے گھرانے کے دیگر افراد سے الگ ایک کمرے میں معائنہ کرے اور یہ کہ آپ کے پاس ضرورت کی ہر چیز موجود ہو، اس میں آپ کے پاس موجود کسی بھی قسم کی نوٹس، بچے کی ریڈ بک، اور نیپی بدلنے کا ساز و سامان شامل ہے تاکہ آپ کو کمرے سے باہر جانے کی زیادہ ضرورت نہ پڑے۔

## بچے جنہیں نوزائیدہ بچے کے یونٹ میں نگہداشت کی ضرورت ہو

اگر آپ کے بچے کو نوزائیدہ بچے کے یونٹ میں داخل کیا گیا ہے تو والدین میں سے صرف کسی ایک کو آنے کی اجازت ہے اور ہم اس فرد سے اپنے ہمراہ کھانا وغیرہ لے کر آنے کا کہیں گے (ضرورت پڑنے پر عملہ اسے آپ کے لئے گرم کر دے گا) تاکہ یونٹ میں آپ کی آمد اور اخراج کو کم سے کم کیا ج سکے۔ براہ کرم یونٹ میں آنے اور یونٹ سے جانے سے قبل اپنے ہاتھ دھونے سے متعلق ہدایات پر عمل پیرا ہوں۔ ہم ایک نیا سسٹم جسے vCreate کہا جاتا ہے بروئے کار لا رہے ہیں جو کہ NHS کی قابل اعتماد محفوظ ویڈیو پیغام رسانی کی سروس ہے جو کہ نرسنگ عملے کو ان وقتوں کے دوران آپ کو آپ کے بچے کی مختصر ویڈیوز اور تصاویر بھیجنے کے قابل بناتی ہے جب آپ یونٹ میں موجود رہنے سے قاصر ہوں۔

## مشورے کے ذرائع اور رابطے کی تفصیلات

**SWBH زچہ بچہ کرونا وائرس کی معلوماتی لائن:**
07811715002

**زچہ بچہ اضافی معاونت کا شعبہ:**
0121 507 4181

**کمیونٹی مڈواوز کا دفتر:**
0121 507 3744

**swbh.maternitycovid@nhs.net**

اگر آپ کی علامات معمولی نوعیت کی ہیں تو براہ کرم معلومات اور مشورے کی خاطر NHS 111 کی آن لائن سروس **/https://111.nhs.uk** استعمال کریں۔ اگر آپ آن لائن سروس تک رسائی نہ پا سکیں تو بس 111 پر کال کریں۔

اگر علامات (ماسوائے کھانسی کے جو متعدد ہفتوں تک رہ سکتی ہے) سات دن کے بعد بھی موجود رہتی ہیں یا آپ کو سانس لینے میں دشواری پیش آنے لگتی ہے تو براہ کرم 111 پر کال کریں۔

## حاملہ خواتین زد پذیر گروپ میں کیوں شامل ہیں

حکومت نے حاملہ خواتین کو زد پذیر گروپ میں رکھا ہے - اس موجودہ شواہد کی بناء پر جو ہمارے پاس موجود ہے حاملہ خواتین کو اب بھی کرونا وائرس لگنے کے امکان دیگر افراد کی نسبت زیادہ نہیں ہیں تاہم ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ حاملہ خواتین کی قلیل تعداد کے اندر اس نظام میں تبدیلی آ سکتی ہے کہ جس سے جسم متعدد وبائی امراض سے نبٹتا ہے۔ یہ متوقع ہے کہ بڑی اکثریتی تعداد میں حاملہ خواتین جنہیں وائرس کا سامنا ہوا صرف معمولی یا معتدل بخار/زکام جیسی علامات کی حامل ہوں گی۔

## ذاتی علیحدگی - کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے

اگر آپ میں کرونا وائرس کی علامات پائی گئی ہوں یا آپ کسی ایسے فرد کے ساتھ رہتی ہوں جس میں موجود ہوں تو آپ کو اپنے گھر سے باہر نہیں نکلنا چاہئیے - حتیٰ کہ مندرجہ بالا وجوہات کے سبب بھی نہیں۔ اگر آپ وہ فرد ہیں جس میں علامات موجود ہیں تو پھر آپ کو کم از کم 7 دنوں تک گھر پر رہنا چاہئیے۔ اگر 7 دن کے اختتام پر آپ میں کوئی علامات نہ ہوں (ماسوائے کھانسی کے جو کہ بہت عرصے تک رہ سکتی ہے) تو آپ کو باہر نکلنے کی اجازت ہے تاہم

آپ کو درج بالا سماجی فاصلہ بندی کی ہدایات کو برقرار رکھنا ہو گا۔ اگر کسی اور فرد میں علامات ہیں تو آپ کو 14 دن کے لئے ذاتی علیحدگی میں جانا پڑے گا۔ اگر آپ کی مقررہ ملاقات ہے تو یہ ضروری ہے کہ آپ مڈوائف یا اپنی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم سے اس امر پر مشورہ پانے کی غرض سے رابطہ کریں کہ آپ ذاتی علیحدگی میں ہیں۔ وہ ہر صورتحال کا جائزہ لیں گے اور فیصلہ کریں گے کہ کیا مقررہ ملاقات کو محفوظ طور پر ملتوی کیا جا سکتا ہے۔

کرونا وائرس کی عالمگیر وباء کے دوران کام کرنے، بشمول اپنے جائے کار پر خطرے کے جائزے لینے، وظائف اور طویل رخصت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم **/https://maternityaction.org.uk/covidmaternityfaqs** پر جائیں۔



## نومولود کی اسکریننگ

ہماری اسکریننگ کرنے والی مڈوائوز عوامی صحت انگلینڈ کے ساتھ کام کر رہی ہیں یہ یقینی بنانے کے لئے کہ نئے پیدا ہونے والے تمام بچوں کے اب بھی نومولود کے اسکریننگ ٹیسٹس ہو جائیں۔

## سماعت کی اسکریننگ

ہم یہ یقینی بنانے کی کوشش کریں گے کہ بچے کے اسپتال میں ہوتے ہوئے ہی ہنوز اس کی سماعت کی اسکریننگ ہو جائے۔ اگر یہ ممکن نہ ہوا تو آپ ٹیسٹ کی غرض سے بچے کو ایسٹن ولاء فٹبال گراؤنڈ(Aston Villa Football ground) لانے کے لیے ایک مقررہ ملاقات حاصل کر سکتے ہیں۔

## بچے کی ولادت کو رجسٹر کروانا

رجسٹری دفتر فی الحال ولادتیں رجسٹر نہیں کر رہا ہے۔ آپ عارضی طور پر بچے کے وظیفے اور یونیورسل کریڈٹ کے لئے ولادتی سرٹیفکیٹ کے بغیر اپلائی کر سکتی ہیں۔

## کمیونٹی کی بعد از ولادت نگہداشت

اگر آپ کی بالمشافہ مقررہ ملاقاتیں طے ہیں اور کرونا وائرس کی علامات موجود ہیں یا گھرانے کے کسی فرد میں کرونا وائرس کی علامات یا تصدیق پائی جانے کے سبب ذاتی علیحدگی میں ہیں تو براہ کرم مقررہ ملاقات پر جانے سے قبل مشورے کے لئے فون کریں۔

چاہے آپ بچے کو جنم دے بھی چکی ہوں پھر بھی آپ کو سماجی فاصلہ بندی کی تجویز کو برقرار رکھنا ہو گا اور لہٰذا گھرانے سے باہر کے کسی فرد کو آپ یا آپ کے بچے سے نہیں ملنا چاہئیے۔

## بعد از ولادتی کلینکس اور فون کالز

کمیونٹی مڈوائوز بذریعہ ٹیلیفون یا آپ کو متعدد مقامات پر بعد از ولادتی کلینک حاضری کے لئے مدعو کر کے بھی کمیونٹی کی کچھ بعد از ولادتی نگہداشت سرانجام دیں گی۔ آپ کو اکیلے آنا ہو گا اور اپنے بچے کو، اپنے پاس موجود کسی بھی قسم کے کاغذی مواد کو اور ریڈ بک کو ساتھ لانا ہو گا۔

## کرونا وائرس (COVID-19) کی عالمگیر وباء کے دوران آپ کی نگہداشت

*براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ ہم مستقل طور پر صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں اور اس پرچے میں موجود معلومات اس کے مطابق تبدیلی سے مشروط ہیں۔*

آپ کے حمل کو اور ولادت کے عمل کو محفوظ رکھنے میں مدد دینے کی خاطر ہمRoyal College of Obstetricians and Gynaecologists/Royal College of Midwives کی جانب سے تازہ ترین ہدایات پر عمل کر رہے ہیں۔

یہ یقینی بنانا ہماری اوّلین ترجیح ہے کہ آپ کو محفوظ طور پر معاونت اور نگہداشت دی جائے۔

آپ دیکھیں گی کہ ہمارا عملہ ذاتی حفاظتی لباس (PPE) پہنے ہوئے ہے - یہ ان کو اور آپ کو تحفظ دینے کے لئے ہے۔

یہ بہت اہم ہے کہ آپ بالمشافہ مقررہ ملاقاتیں ہونے کی صورت میں اس مقررہ ملاقات پر حاضر ہوں۔ اگر آپ کی مقررہ ملاقات بذریعہ فون یا ویڈیو کالنگ ہے تو اس کا آپ کو جواب دینا یا لاگ ان ہونے کے لئے لنک فالو کرنا ہے۔

### ابتدائی حمل

اگر آپ کو پیٹ کے نچلے حصے میں درد(پیڑو کا درد)، مروڑ اٹھنا اور/یا خون رسنے جیسی پریشانیوں کا سامنا ہے تو براہ کرم اپنے GP یا مڈوائف سے مشورے کے لئے رابطہ کریں۔

### قبل از ولادت نگہداشت: کمیونٹی کی مقررہ ملاقاتیں

اگر آپ کی بالمشافہ مقررہ ملاقاتیں طے ہیں اور آپ میں کرونا وائرس کی علامات موجود ہیں یا گھرانے کے کسی فرد میں کرونا وائرس کی تصدیق یا علامات پائی جانے کے سبب ذاتی علیحدگی میں ہیں تو براہ کرم مقررہ ملاقات پر جانے سے قبل مشورے کے لئے کال کریں۔

ہماری کمیونٹی مڈوائوز بالمشافہ کی بجائے آپ کی کچھ مقررہ ملاقاتیں بذریعہ ٹیلیفون سرانجام دیں گی۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ ہمارے پاس آپ کا درست فون نمبر موجود ہو۔ اگر مڈوائف محسوس کرتی ہے کہ آپ کو اب بھی بالمشافہ معائنے کی ضرورت ہے تو وہ آپ کے لئے مقررہ ملاقات کا بندوبست کرے گی۔ ہم



## اندرونی مریض کے وارڈز

ہمارے قبل از ولادت اور بعد از ولادت وارڈز کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لئے ملاقاتیوں کو آنے کی اجازت نہیں دے رہے۔ عملہ اور معاون کارکنان اب بھی آپ کو مدد دینے کی خاطر موجود ہیں۔ دونوں وارڈز میں آپ کو اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ رابطے میں رہنے کے قابل بنانے کے لئے ٹیکنالوجی دستیاب ہے۔

اپنے بچے کو جنم دے دینے کے بعد آپ کے بعد از ولادتی وارڈ منتقل ہونے سے قبل آپ کے رفیق ولادت کو جانا ہو گا۔

## آپ کا بچہ

### بچے کے ساتھ رہنا اور جسمانی رابطے میں رہنا

اگر آپ میں وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہو گئی ہے یا آپ میں علامات موجود ہیں، تو آپ اب بھی اپنے بچے کے ساتھ جسمانی رابطہ رکھ سکتی ہیں، اگر آپ کی مرضی ہو اور آپ اور بچہ اس قدر اچھی صحت کے حامل ہوں۔ آپ کے جنم دے دینے کے بعد آپ کو اکھٹا رکھا جائے گا جب تک کہ بچے کو نوزائیدہ بچے کے یونٹ میں لے جانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

### دودھ پلانا

اگر آپ کا کرونا ٹیسٹ مثبت آیا ہے، کرونا وائرس کی علامات ہیں یا ذاتی علیحدگی میں ہیں تب بھی آپ کو اپنی رضا ہونے پر اپنا دودھ پلانا چاہیئے۔

بچے کو اپنا دودھ پلانے سے جڑا بنیادی خطرہ آپ کے اور بچے کے درمیان قریبی تعلق ہو گا اگر آپ کھانستی یا چھینکتی ہیں تو یہ وائرس سے متاثرہ قطروں سے آلودہ ہو گی۔

چنانچہ بچے کو دودھ پلاتے وقت (چاہے چھاتی کا یا بوتل کا) یہ کام کرنے والے فرد کو بچے کو چھونے یا بوتلیں جراثیم سے پاک اور تیار کرنے سے قبل اپنے ہاتھوں، پستان یا بوتلوں کو دھونا چاہیئے۔

آپ کے لئے خطرہ کم کرنے کی خاطر ہم نے اپنے کچھ کلینکس نان ہاسپیٹل مقامات پر منتقل کر دیے ہیں۔ آپ سے ہینڈزورتھ میں Modality St. James GP سینٹر، یا ایسٹن ولاء یا West Bromwich Albion فٹبال گراؤنڈ آنے کا کہا جا سکتا ہے۔ آپ کو یہ تعین کرنے کے لئے مقررہ ملاقات سے قبل بذریعہ فون اضافی معاونت فراہم کی جائے گی کہ آپ یا گھرانے کے ممبران میں کرونا وائرس کی علامات ہیں کہ نہیں۔ وائرس کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں ہماری مدد کی خاطر آپ کو اکیلے حاضر ہونا ہو گا۔

## قبل از ولادت نگہداشت: اسپتال کی مقررہ ملاقاتیں

اگر آپ کی بالمشافہ مقررہ ملاقاتیں طے ہیں اور آپ میں کرونا وائرس کی علامات موجود ہیں یا گھرانے کے کسی فرد میں کرونا وائرس کی تصدیق یا علامات پائی جانے کے سبب ذاتی علیحدگی میں ہیں تو براہ کرم مقررہ ملاقات پر جانے سے قبل مشورے کے لئے کال کریں۔

## مقررہ ملاقاتیں

آپ دیکھیں گی کہ آپ کی کچھ مقررہ ملاقاتیں آپ کے اسپتال آنے کی ضرورت کے مواقع کو کم کرنے کی خاطر ضم کر دی گئی ہیں مثلاً آپ کے بکنگ بلڈز آپ کے اسکین کی تاریخ پر لیے جائیں گے۔

ہمارے ڈاکٹروں یا مڈوائوز میں سے کسی ایک کے ساتھ آپ کی کچھ مقررہ ملاقاتیں ایک محفوظ ویڈیو مشاورتی سسٹم جسے Visionable کہا جاتا ہے کے ذریعے منعقد کی جا سکتی ہیں - آپ کو لاگ ان نہیں ہونا پڑے گا اور آپ کو ایک منفرد URL (ویب سائٹ لنک) بذریعہ ای میل یا متن کا پیغام موصول ہو گا۔

الٹرا ساؤنڈ اسکینز اور اسکریننگ ٹیسٹس اب بھی سرانجام دیے جائیں گے - براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ بروقت پہنچیں تاہم کسی ممکنہ وقت انتظار کو کم کرنے کی خاطر جلدی حاضر مت ہوں۔ بدقسمتی سے آپ کو اکیلے حاضر ہونا پڑے گا۔ طے شدہ نشوونما کے اسکینز اب 35 ہفتوں میں وقوع پذیر ہوں گے۔

## قبل از ولادت دن کے جائزے کے یونٹ

اگر آپ کی مقررہ ملاقات ہے اور آپ میں کرونا وائرس کی علامات موجود ہیں یا گھرانے کی کسی فرد میں کرونا وائرس کی علامات یا تصدیق پائی جانے کے سبب ذاتی علیحدگی میں ہیں تو براہ کرم مقررہ ملاقات کے لئے حاضر ہونے سے قبل مشورے کے لئے کال کریں۔



## طے شدہ سیزیرین سیکشنز

اگر آپ کی سی سیکشن کی بکنگ ہوئی ہے، تو اس کا دوبارہ سے بندوبست کرنا پڑے گا۔ اگر ایسی صورت ہوئی تو آپ کی نگہداشت کا انفرادی بنیاد پر جائزہ لیا جائے گا۔ اگر آپ کا طے شدہ سیزیرین ہے اور آپ لیبر میں جا رہی ہیں تو آپ کو زچہ بچہ اضافی معاونت سے رابطہ کرنا اور حسب معمول ایک جانچ کے لیے حاضر ہونے کا بندوبست کرنا چاہیئے۔

## اگر آپ میں کرونا وائرس کی علامات ہیں یا آپ ذاتی- علیحدگی میں ہیں

اگر آپ میں کرونا وائرس کی علامات ہیں یا آپ ذاتی علیحدگی میں ہیں تو ہم تجویز کریں گے کہ آپ اسپتال میں اپنے بچے کو جنم دیں کیونکہ موجودہ ہدایات یہ ہیں کہ دردزہ کے دوران مستقل نگرانی کی مشین (CTG مشین) سے آپ کے بچے کی دھڑکن کی باریک بینی سے نگرانی کی جانی چاہیئے۔ یہ بھی تجویز کردہ نہیں ہے کہ آپ آبی ولادت کا طریقہ اپنائیں کیونکہ اس سے بچے میں وائرس کے منتقل ہونے کا امکان زیادہ ہے۔

ایسے کوئی شواہد نہیں ہے کہ آپ میں کرونا وائرس کا شک یا تصدیق پائی جانے کی صورت میں آپ رحم مادر کے ذریعے جنم نہیں دے سکتیں لہٰذا آپ کے ولادتی انتخابات کا احترام کیا جانا چاہیئے یا حتی الامکان طور پر اس کی پیروی کی جانی چاہیئے۔ ایسے کوئی شواہد نہیں جو یہ تجویز دیتے ہوں کہ آپ کو اپیڈیورل یا اسپائنل بلاک یا اینٹونوکس (گیس اور ہوا) نہیں ہو سکتا۔

اگر آپ اور بچہ ٹھیک ہیں تو آپ کو جلد از جلد گھر چلے جانے کی ترغیب دی جائے گی۔

## زچہ بچہ کا اضافی معاونتی

یہ اہم ہے کہ آپ زچہ بچہ اضافی معاونتی شعبے سے دوران حمل تخفیف شدہ حرکات و سکنات جیسے خدشات اور درد زہ کے آغاز پر رابطہ کرتی رہیں۔ ہمارا زچہ بچہ اضافی معاونتی شعبہ COVID-19 اور نان-COVID-19 حصوں میں منقسم کر دیا گیا ہے تاکہ آپ کو، آپ کے بچے اور آپ کے اہل خانہ کو تحفظ دینے میں مدد ملے۔

براہ کرم درج ذیل میں سے کسی کا سامنا کرنے کی صورت میں کال کریں:

- مشتبہ درد زہ
- آپ کو لگے کہ آپ کی سیال جھلیاں ٹوٹ گئی ہیں
- حمل میں پیٹ درد
- حمل میں خون رسنا
- بچے کی حرکات و سکنات میں کمی یا تبدیلیاں آنا
- سر درد
- ناسازی محسوس کریں
- بعد از ولادتی خدشات

براہ کرم حاضر ہونے سے قبل پہلے کال کریں اور آپ سے کرونا وائرس کی علامات اور گھرانے کے ممبران کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے تاکہ ہم آپ کو صحیح جگہ بھیج سکیں۔ وائرس کے پھیلاؤ کے خطرے کو کم کرنے کے لئے زچہ بچہ معاونتی شعبے میں موجودگی کے وقت آپ سے ماسک پہننے کا کہا جا سکتا ہے۔ آپ کے ساتھ آنے والے کسی بھی فرد کو باہر رہنا ہو گا۔ اگر آپ کو درد زہ ہے تو آپ کو ہمارے ولادتی مرکز میں منتقل کیا جائے گا اور آپ کے رفیق ولادت سے رابطہ کیا جائے گا تاکہ وہ حاضر ہو سکیں۔



## شعبہ لیبر اور ولادت

### انڈکشن (استقرار حمل)

اگر آپ کا استقرار حمل ہو رہا ہے تو آپ کے رفیق ولادت آپ کے ساتھ نہیں ٹھہر پائیں گے۔ آپ کے لیبر میں ہونے پر اور ولادتی مرکز میں منتقل کیے جانے پر رفیق ولادت سے رابطہ کیا جائے گا اور وہ حاضر ہو سکتا ہے۔

اگر آپ اسقاط حمل ہونا باقی ہے اور آپ میں کرونا وائرس کی تصدیق، علامات موجود ہیں یا گھرانے کے کسی فرد میں علامات پائی جانے کے سبب ذاتی علیحدگی میں ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کے استقرار حمل کے عمل کو موخر کرنا ضروری ہو جائے تاہم اس کا فیصلہ انفرادی بنیاد پر محتاط غور و خوض کے بعد کیا جائے گا۔

### جائے ولادت

کم خطرے کی حامل ولادتوں کے لئے ہمارا سیرینٹی برتھ یونٹ(Serenity Birth Unit) دوبارہ سے کھول دیا گیا ہے اور آپ آبی ولادت کا طریقہ بھی اپنا سکتی ہیں۔ یہ زیر جائزہ رکھا جائے گا اور اس میں تبدیلی آ سکتی ہے۔
آپ اب بھی گھر پر ولادت انجام دے سکتی ہیں اگر آپ کو موزوں لگے اور یہ آپ کی خواہش ہو جیسا کہ ہماری ولو (Willow) ٹیم اب بھی آپ کو یہ سروس فراہم کر رہی ہے۔ تاہم اگر آپ میں مصدقہ کرونا وائرس انفیکشن ہوا، علامات ہوئیں یا آپ ذاتی علیحدگی میں ہوئیں تو یہ ممکن نہیں ہو گا۔

### رفقائے ولادت

جب آپ لیبر میں ہوں گی تو آپ اپنے ساتھ ایک علامات سے پاک رفیق ولادت کو رکھ سکتی ہیں (وہ ذاتی علیحدگی میں نہیں جا سکتے) - آپ اب بھی اس بارے میں غور کرنا پسند کر سکتی ہیں کہ آپ ثانوی انتخاب کے طور پر کسے منتخب کریں گی۔ اسی رفیق ولادت کو ہمہ وقت حاضر رہنا ہو گا - رفقائے ولادت کی تبدیلی ممکن نہیں ہو گی۔
اگر آپ کے اور بچے ہیں تو انہیں ولادتی مرکز میں آنے کی اجازت نہیں ہو گی - اگر ان کی نگہداشت کے لئے کوئی بھی گھر پر موجود نہیں تو اس کی اجازت ہے کہ انہیں کسی اور قریبی خاندانی فرد یا دوست کی نگہداشت میں دیا جائے - تاہم براہ کرم کسی ایسے بندے کو نہ کہیں جو وائرس کے خطرے کی زد میں ہو مثلاً 70 سال سے زیادہ عمر والے لوگ، جو خود حاملہ ہوں یا جنہیں نمایاں طبی مسائل کا سامنا ہو۔ یقینی بنائیں کہ بس اس صورت میں آپ کے پاس ایک متبادل بیک اپ کا بندوبست ہو۔